محمد رمضان سلفی

تبصرہ کتب

خطبات بہاولپوری

از : پروفیسر مولانا حافظ محمد عبداللہ بہاولپوری

قیمت فی جلد : 70 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ :- مکتبہ اسلامیہ بھوانہ بازار فیصل آباد فون :-631204

صحیح اسلامی عقائد اور تعلیم پر مشتمل مواعظ و خطبات افراد کی اصلاح اور معاشرے کی تعمیر و ترقی اور تطہیر میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ زیر نظر کتاب بھی اسی سلسلہ ذہب کی ایک اہم کڑی ہے۔ اس میں مولانا حافظ عبداللہ بہاولپوری مرحوم کے 94 خطبات کو ضبط تحریر میں لایا گیا ہے۔ حافظ صاحب مرحوم جماعت اہلحدیث کی معروف علمی شخصیت اور جید عالم دین تھے۔ قرآن و سنت کے بہت بڑے داعی اور مبلغ تھے۔ مسلک اور قرآن و سنت کے معاملے میں انتہائی نازک اور حساس طبیعت رکھتے تھے۔ اس سلسلے میں وہ زندگی بھر کسی مصلحت کا شکار نہ ہوئے۔ جس بات کو حق سمجھا اس کا بر ملا اظہار کیا اور جسے خلاف کتاب و سنت جانا اس کی بر سر عام نکیر کی۔ جو کچھ بھی کیا اخلاص سے کیا اور جو کہا حق کی خاطر کہا۔

بہاولپور اور اس کے گردونواح کے علاوہ وطن عزیز کے بلاد و امصار سے تعلق رکھنے والے ہزاروں لوگ انکی دعوت و تبلیغ اور مواعظ و خطبات کی اثر آفرینی سے متاثر ہو کر مسلک اہل حدیث پر عمل پیرا ہوئے اور کتاب و سنت کے عامل بنے۔

زیر نظر خطبات کے مجموعہ میں توبہ، فکر آخرت، توحید، اتباع سنت، فضائل قرآن، محاسبہ نفس وغیرہ کے موضوع پر خطبات شامل ہیں۔ ہر خطبہ توحید و سنت کی مہک سے معطر، ہر لفظ اخلاص میں ڈوبا ہوا اور ہر جملہ دل کی گہرائیوں سے نکلا ہوا ہے۔ اگرچہ ان خطبات میں بعض الفاظ قاری کی طبیعت پر گراں گزرتے ہیں۔ لیکن یہ سب احقاق حق اور ابطال باطل کہا گیا ہے۔ ان خطبات کا پہلا حصہ 16 تقاریر پر مشتمل ہے۔ دوسرے حصے میں 19 خطبات شامل ہیں۔ تیسرا حصہ 18 خطبات کو محیط ہے۔ ان خطبات کے ناشر محترم پروفیسر عبدالغفار صاحب اپنے استاد مکرم کے خطبات و رسائل کو شائع کرنے کا پختہ عزم اور اہتمام کئے ہوئے ہیں اور یہ محترم اپنی اس کوشش و جستجو میں کامیاب و کامران ہیں اور اپنے اس فریضے کو حسن و خوبی سے ادا کر رہے ہیں۔ اللہ جزائے خیر دے۔

زیر تبصرہ کتاب معیاری کمپوزنگ، اعلیٰ طباعت، مضبوط جلد اور دیگر معنوی حسن اور ظاہری خوبیوں کیساتھ منصہ شہود پر لائی گئی ہے۔ کتاب میں درج قرآنی آیات کا مکمل حوالہ بھی دے دیا گیا ہے اور احادیث مصطفیٰ ﷺ کی تخریج کرتے وقت اصل ماخذ کی نشان دہی کر دی گئی ہے۔ اس سے کتاب کی احادیث دوچند ہو گئی ہے۔ اشاعت فنڈ کے طور پر کتاب کی قیمت کچھ زیادہ ہی مناسب رکھی گئی ہے۔

طبقہ علماء و خطباء کے ساتھ ساتھ عوام کیلئے بے حد مفید ہے۔

مقالات صدیقی

مصنف : حضرت مولانا محمد صدیق فیصل آبادیؒ

صفحات : 248

قیمت : 80 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ : طارق اکیڈمی ایس اے سنٹر چنیوٹ بازار فیصل آباد

فون : 041-34337

مناظر اسلام مولانا محمد صدیق کرپالوی رحمۃ اللہ علیہ جماعت اہل حدیث کے مایہ ناز عالم دین تھے۔ وہ بلند آہنگ خطیب، شعلہ بیاں مقرر اور

بقیہ صفحہ نمبر ۵۰